(3)

# شرائط وضوابط بابت ٹھیکہ ایڈورٹائزمنٹ/سائن بورڈ فیس در حدود تحصیل باڑہ

## برائے سال 27-2026

1. لوکل کونسل بورڈ کی شرائط وضوابط (Terms of Reference & Conditions) بابت ٹھیکہ جات برائے سال 27-2026 جاری کردہ بحوالہ چٹھی نمبر: 2026/11-6/LCB/AOII بمورخہ 2026/05/07 کے تحت ٹھیکہ کی معیاد ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہوگا۔
2. یہ کہ بولی کے اختتام کے تین یوم کے اندر اندر کامیاب بولی دہندہ کل زر ٹھیکہ کا پچاس فیصد (50٪) زر پیشگی اور پانچ فیصد (5٪) زر ضمانت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر کے اکاؤنٹ میں جمع کرنے کا پابند ہوگا جبکہ سات یوم کے اندر اندر ٹھیکہ سے متعلق ایگریمنٹ/معاہدہ تحریر کرے گا۔
3. یہ کہ ٹھیکیدار کل زر ٹھیکہ کے بقایا پچاس فیصد (50٪) تین مساوی ماہانہ اقساط (اگست، ستمبر اور اکتوبر) میں ہر ماہ کی 5 تاریخ تک جمع کرنے کا پابند ہوگا۔ اگر مقررہ تاریخ تک قسط جمع نہ کی تو ٹھیکیدار 2٪ (دو فیصد) یومیہ جرمانے (Surcharge) کے حساب سے قسط جمع کرنے کا پابند ہوگا لیکن جرمانے کے ساتھ رقم جمع کرنے کی معیاد مہینے کی 10 تاریخ سے زیادہ نہ ہوگی بصورت دیگر مہینے کی 15 تاریخ تک ٹھیکہ منسوخ کرکے تمام جمع شدہ رقومات ضبط کردی جائیگی۔
4. یہ کہ ٹھیکیدار فنانس آرڈیننس کے مروجہ قوانین کے مطابق ٹھیکیدار بولی کی رقم کے علاوہ انکم ٹیکس علیحدہ سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور اگر صوبائی حکومت یا مرکزی حکومت کی طرف سے ٹھیکہ جات پر مزید کوئی بھی ٹیکس لاگو کیا گیا تو ٹھیکیدار اسی شرح کے مطابق ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا نیز ٹھیکیدار پر یہ لازم ہوگا کہ وہ ماہانہ قسط کے ساتھ حکومت کا لاگو شدہ انکم ٹیکس تین ماہ میں اقساط کی شکل میں جمع کرنے کا پابند ہوگا۔
5. یہ کہ ٹھیکیدار کو ایڈورٹائزمنٹ فیس کی وصولی کرنے کیلئے جتنی بھی رسید بک (متعلقہ فارم) جو گورنمنٹ کا منظور شدہ فارم/سٹیشنری درکار ہونگی ٹھیکیدار اس کی پیشگی قیمت ادا کرے گا۔ اور ٹھیکیدار کے انتظامات کا مجاز آفیسر معائنہ کرے گا اور اگر بعد از معائنہ کوئی غلطی پائی گئی تو اس کو فوری طور پر دور کرنا ٹھیکیدار کی ذمہ داری ہوگی جہاں کہیں ٹھیکیدار کو انتظامیہ کی حتمی امداد کی ضرورت ہو تو مجاز آفسر/اتھارٹی قانون کے اندر رہتے ہوئے امداد مہیاء کریگا۔
6. یہ کہ ٹھیکیدار اپنے نمائندوں کے ذریعے ایڈورٹائزمنٹ فیس کی وصولی کرنے کا مجاز ہوگا اور اگر کامیاب بولی دہندہ کو ایڈورٹائزمنٹ فیس کی وصولی کیلئے سرکاری اہلکار درکار ہو تو ٹھیکیدار درخواست طلب کریگا اور سرکاری اہلکار ٹھیکیدار کے زیر نگرانی کام کریگا اور اس کی جملہ تنخواہ بمعہ الاؤنسز، پنشن کنٹری بیوشن، میڈیکل الاؤنسز اور 48 یوم کی تنخواہ جو کہ حکومت نے ہر ملازم کیلئے منظور کی ہوئی ہے اور دوران ٹھیکہ جو مراعات تنخواہوں میں دی جائیگی ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہوگا اگر کوئی ملازم چار ماہ کی رخصت پر جائے گا تو 48 یوم کی تنخواہ ٹھیکیدار ادا کریگا جبکہ بقایا 72 یوم کی تنخواہ انتظامیہ ادا کریگی۔ پرائیویٹ نمائندوں کے ذریعے وصولی کی صورت میں ان اہلکاروں کی مکمل تفصیل بمعہ کوائف تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ کو پیش کرنے کا پابند ہوگا۔
7. یہ کہ ٹھیکیدار منظور شدہ شیڈول ریٹ کے مطابق ایڈورٹائزمنٹ فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا اور اگر ٹھیکیدار مقررہ شرح سے زیادہ فیس وصول کریگا تو ٹھیکیدار وصول کردہ فیس کا گیارہ گنا جرمانے کا مرتکب ہوگا اور مسلسل تین (۳) دفعہ خلاف ورزی کرنے پر ٹھیکیدار کے خلاف قانونی کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی جس میں ٹھیکیدار کے نفع ونقصان پر ٹھیکہ منسوخ کرکے جمع شدہ تمام رقومات بحق سرکار ضبط کردی جائیگی۔
8. یہ کہ اگر کوئی شخص فیس ادا کرنے سے گریز کرے تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار ٹی ایم اے کو تحریری رپورٹ بمعہ مکمل کوائف پیش کریگا جس پر قانونی کاروائی عمل میں لانے کیلئے متعلقہ اداروں کو تحریری طور ارسال کیا جائے گا نیز نامکمل کوائف مہیا کرنے پر کسی قسم کی کاروائی عمل میں نہیں لائی جائیگی۔
9. یہ کہ ٹھیکیدار رسید چاک کرتے وقت کاربن پیپر استعمال کریگا اور ایک پرت اصلی صارف کو دیا جائیگا اور ایک پرت کاربن والا کاؤنٹر فائل میں محفوظ رکھنا ہوگا۔
10. یہ کہ اگر ٹھیکیدار قدرتی آفات، ہڑتال واحتجاج وامن وعامہ یا کسی بھی وجہ کی صورت حال کے پیش نظر فیس کی وصولی نہ کرسکا تو اس کی ذمہ داری ٹی ایم اے پر نہیں ہوگی اور نہ ہی ٹھیکیدار ٹی ایم اے سے (Claim) ہرجانہ طلب کریگا بلکہ باقاعدگی سے ٹھیکیدار اپنے تین مساوی اقساط خزانہ TMA باڑہ میں جمع کرنے کا پابند ہوگا اور دوران ٹھیکہ اگر ٹھیکیدار کو نقصان اٹھانا پڑا تو محکمہ اسے پورا کرنے کا ذمہ دار نہ ہوگا اور نہ ہی ٹھیکیدار کسی قسم کی معافی (Remission) کا مطالبہ کریگا اور نہ ہی کسی قسم کا دعویٰ (Claim) کرنے کا مجاز ہوگا۔
11. یہ کہ ٹھیکیدار اپنے عملے کو سختی سے ہدایات جاری کریگا کہ عوام/تاجر حضرات سے شائستگی کے ساتھ ٹیکس/فیس وصول کرنے کے پابند ہونگے اور عوام کے ساتھ نازیبا گفتگو سے گریز کرینگے اور شکایت کی صورت میں ٹھیکیدار کے خلاف قانونی چارہ جوئی عمل کی جائیگی جس کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار پر عائد ہوگی۔

12. یہ کہ ٹھیکیدار بقایادار (Defaulter) ہونے کی صورت میں ٹھیکیدار اور ان کے دو (2) ضمانتی (جو مقامی رہائش پذیر ہوں) جو ٹھیکیدار نے پیش کئے ہیں کی ذات وجائیداد سے واجب الادہ رقم بذریعہ لینڈریوینوایکٹ وصول کی جائیگی۔

13. یہ کہ ٹھیکیدار کسی بھی حالت میں ٹھیکہ کسی دوسرے شخص یا پارٹی کو منتقل (Sublet) کرنے کا مجاز نہ ہوگا اور خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ ٹھیکیدار کے نقصان (Risk & Cost) پر منسوخ کر دیا جائیگا۔ اور تمام جمع شدہ رقوم بحق سرکار ضبط کر دی جائیگی۔

14. یہ کہ اگر دوران ٹھیکہ، ٹھیکیدار اور ٹی ایم اے کے مابین کسی قسم کا تنازعہ پیدا ہوا تو ٹھیکیدار جناب ریجنل میونسپل آفیسر، ریجن سے بطور ثالث رجوع کریگا اور ان کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا جسے کسی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا اور دوران تنازعہ ٹھیکیدار ٹھیکہ کے ماہانہ قسط باقاعدگی سے جمع کرنے کا پابند ہوگا اور کسی صورت ماہانہ قسط نہیں روکے گا بصورت دیگر ٹھیکیدار کا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

15. یہ کہ اگر ٹھیکیدار نے کسی ایک شرط کی بھی خلاف ورزی کی تو ٹھیکہ کی جمع شدہ رقم بحق TMA باڑہ ضبط کر کے ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا اور ٹھیکہ بقایا عرصہ کیلئے ٹھیکیدار کے Risk & Cost پر نیلام کیا جائیگا یا محکمانہ چلایا جائیگا اور جملہ نقصان کی صورت میں خسارہ ٹھیکیدار سے یا اس کے جائیداد سے پورا کیا جائیگا۔

16. یہ کہ فریق اول صوبائی حکومت کی لاگو شدہ شرائط وضوابط (Terms of Reference & Conditions) جاری کردہ چھٹی نمبر AOII/LCB/6-11/2026: تاریخ 07/05/2026 کا پابند ہوگا۔

| ADVERTISMENT FEE SCHEDULE | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| **S.No** | **Particulars** | **Fee** | **S.No** | **Particulars** | **Fee** |
| 1 | Sign Board | Rs. 150 (Sq. ft) yearly | 2 | Banner/ Steamer/ Pena Flex | Rs. 50 Sft Monthly |
| 3 | Neon Advertisement Board etc., | Rs. 200 (Sq. ft) Yearly | 4 | Billboard/ Holding Board in private places | Rs.80 Sft Yearly |
| 5 | All types of Board having size greater than (4x2) | Rs. 100 (Sq. ft) | 6 | Trade Mark (National, Multi National Campaigns Board) | Rs. 150 Sft Yearly |
| 7 | LCD/VCD/LED etc., | Rs. 2500 Sft Yearly | 8 | Publicity through float have six wheels or above | Rs. 10000 Sft per week |
| 9 | Publicity through float having 6 wheels or below | Rs. 6000 Sft per week | 10 | Delivery Publicity<br>Motor cycle/Auto Riksha<br>4-wheeler vehicle<br>6-wheeler or above | <br>Rs. 200/day<br>Rs. 350/day<br>Rs. 500/day |
| 11 | Wall/Shutter Painting (Private/Personal) | Rs. 50 Sft Yearly | 12 | Sky board/sky sign | Rs. 100 sft/yr |
| 13 | Door to Door Activity | Rs. 5000 Yearly | 14 | Pol Sign/ Tin Box | Rs. 20000/yr |
| 15 | Tri vision / Multi Media Advertisement | Rs. 200000 Yearly | 16 | Stall activity | Rs. 1500/m |
| 17 | Arena sized not above then (10'x10') etc | Rs. 40000 Yearly | 18 | Private schools, Banks, Hospitals, National Companies, Forums, Petrol Pump, CNG Stations, etc., on which have logos and name of the firms on their boards. | Rs. 120 sft/yr |
| 19 | LCD Screen | 300/day | | | |

تحصیل میونسپل آفیسر/ایڈمنسٹریٹر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر

تحصیل آفیسر (ریگولیشن)
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن باڑہ ضلع خیبر



CS CamScanner